QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 281 بجلی بندرہنے کی اطلاع

کوئٹہ: 15 جون 2026ء۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق پبلک سیکٹر ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں بجلی کے کھمبوں کی تنصیب اور لائنوں کی شفٹنگ کے کام کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں 16 جون (بروز منگل) مری آباد گرڈ اسٹیشن کے 11kv طوغی روڈ، کانسی ون، کانسی ٹو، لیاقت بازار ایکسپریس فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہیگی۔اسکے علاوہ 17 جون کو (بروز بدھ) سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv سریاب ون، سریاب ٹو، ہزارہ ٹاؤن، واسا، سمنگلی ایکسپریس، اے ون سٹی، جڑسا، خیر بخش مری، جائنٹ روڈ، غوث آباد، کرانی، انڈسٹریل، اولڈ لیاقت بازار فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند ہوگی نیز اُسی روز شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv ویسٹرن بائی پاس، جبل نور، داریم، خروٹ آباد اور دوستین فیڈرز جبکہ کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے عالم خان، نواں کلی اور مالک فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی بند رہیگی، اسی طرح 17 جون کے روز انڈسٹریل گرڈ اسٹیشن کے سریاب مل، شاہنواز، شموزئی، ایف جی ایس، واسا اور زرغون گرڈ اسٹیشن سے منسلک 11kv نواں کلی بائی پاس، زرغون ون، زرغون ٹو، ایف سی، عسکری ون اور صاحبزادہ فیڈرز سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہے گی۔

علاوہ ازیں کوئٹہ شہر سے باہر مختلف گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنوں پر ضروری مرمت اور ٹیسٹنگ کے کام کئے جارہے ہیں جس کے باعث 16 جون کو (بروز منگل) خضدار گرڈ اسٹیشن کے 11kv انجینئرنگ کالج، سٹی تھری، زیدی، وہیری، سٹی ٹو، خیر آباد، ایم ای ایس، کوشک فیڈروں سے صبح 10 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی نیز اسی روز 132kv زیارت گرڈ اسٹیشن کے تمام فیڈروں سے صبح 9 بجے تا شام 5 بجے جبکہ علی زئی گرڈ اسٹیشن سے دوپہر 2 بجے سے شام 6 بجے تک بجلی بند ہوگی۔اسی طرح 17 جون کو (بروز بدھ) لورالائی گرڈ اسٹیشن کے 11kv ایکسپریس، ایم ای ایس، شہوزئی، درگی، زنگی وال، بروی، یونیورسٹی فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دن ایک بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔دریں اثناء 132kv رکھنی۔سخی سرور ٹرانسمیشن لائن پر 15 جون تا 17 جون (روزانہ) صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک برقی تنصیبات کی انسٹالیشن کے سلسلے میں ضروری کام کیا جائے گا جس کے باعث لورالائی، میختر، کوہلو، بارکھان اور رکھنی گرڈ اسٹیشن کو بجلی کی فراہمی متاثر ہوں گی تاہم اس دورانیہ میں متبادل انتظام کے زریعے لوڈ مینجمنٹ کے تحت متاثرہ علاقوں کو بجلی فراہم کی جائے گی۔کیسکو نے بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

###